تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

September,10-2023

پریس ریلیز

# پروفیسر نجمہ اختر، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ سے سرفراز

(پدم شری) پروفیسر نجمہ اختر، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کو ہوٹل نو وٹیل میں آٹھ ستمبر دو ہزار تیئس کو منعقدہ ایک شان دار جلسے میں لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ اکیڈیمیا' سے نوازا گیا۔ٹیم لیز ایڈ ٹیک کی جانب سے منعقدہ 'میکنگ انڈیا امپلائیبل' تقریب انعامات اور شان دار کانفرنس میں ڈاکٹر رگھوناتھ انت مشیلکر (پدم وبھوشن) نے یہ گراں قدر اعزاز انھیں پیش کیا۔

ماہرین تعلیم اور صنعت سے منسلک ماہرین پر مشتمل جیوری اراکین نے تعلیم اور روزگار کو جوڑنے کے لیے ان کی کوششوں کے اعتراف میں انھیں اس انعام کے لیے منتخب کیا ہے۔

'میکنگ انڈیا ایمپلائیبل ایوارڈ' ایسا ایوارڈ ہے جو تعلیم ،روزگار اور مہارت سازی کے شعبے میں انفرادی افضلیت ،اختراع اور اصلی دنیا کے اثرات کا جشن ہے۔یہ اعزاز صرف انھیں محترم شخصیات کی خدمات میں پیش کیا جاتا ہے جنھوں نے ہندوستان میں روزگار کی ایجاد کے مشترکہ مقصد کے حصول کے لیے مثالی کام کیا ہو۔

ٹیم لیز ایڈ ٹیک ایسے ماحول دوست نظام کی تشکیل کی مہم پر ہے جس میں ہندوستان کے ہر آموزگار کو قابل ملازمت بنایا جاسکے۔وہ اعلی تعلیمی اداروں کو اس لائق بناتے ہیں کہ وہ درست آر او آئی، آموزشی ماحصل اور طلبا کو خدمات پیش کرسکیں ساتھ ہی آجروں کو اپنی پروڈکٹیویٹی بڑھانے اور مقابلہ جاتی جہت کو مزید بہتر کرسکیں۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی